الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 10مئی،2017

سپریم کورٹ کے فیصلے کے تحت سپریم کورٹ کے کسی بھی جج کو ریٹائرڈ نہیں لکھااور پُکارا جا سکتاہے چاہے وہ حاضر سروس ہو یانہ ہو۔ سپریم کورٹ کے فل بینچ نے یہ فیصلہ 2009ءمیں کیا تھا۔اوراس سلسلے میں باقاعدہ سرکلر نمبر (No.F.1/2/2009-SCA)مورخہ 24نومبر 2009جاری کیا گیاتھا۔اس فیصلے کی روشنی میں چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جسٹس سردار محمد رضا کواسی نام سے لکھااور پُکارا جائے۔ یہاں اس بات کی وضاحت بھی ضروری ہے کہ اکثر میڈیا رپورٹس میں ان کانام سردار رضا خان لکھاجاتاہے جو کہ غلط ہے۔ لہٰذا تمام اداروں اور میڈیا سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ آئندہ کے لئے ان کو چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جسٹس سردار محمد رضا کے نام سے تحریر کریں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆